## 10031 ـ دس فیصد سےزیادہ منافع لینا

**سوال**

کیا تاجرکو مال پر دس فیصد سےزیادہ منافع لینا جائزہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شرعي طور پر تاجر کےلیے تجارت میں نفع کي نسبت اورمقدار مقرر نہیں لیکن مسلمان کےلیے یہ جائز نہیں کہ وہ خریدار کو دھوکہ دے، اور وہ اسے اس ریٹ پر سواد فروخت کرے جومارکیٹ میں معروف نہیں ، بلکہ مسلمان کے لیے مشروع ہےکہ وہ نفع میں مہنگائي نہ کرے، بلکہ اسے خریدوفروخت کرتے وقت نرم اور آسان رویہ اختیار کرنا چاہیے، اس لیے کہ نبي کریم صلي اللہ علیہ وسلم نے لین دین میں نرمي برتنےپر ابھارا ہے.